ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ
تحفۃ العرب والعجم
بمطبع حسنی واقع دہلی مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی ھَدٰنَا اِلیٰ سُبُلِ الاِیمَانِ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ رَسُولِہِ
الَّذِی اَرشَدَنَا طُرُقَ الاَمَانِ وَعَلیٰ آلِہِ الاَطہَارِ وَاَصحَابِہِ الاَبرَارِ اَبَدَ الاَبَد
امابعد مسکین محمد قطب الدین بخدمات عالیات بہائی مسلمانونکے بعد ابلاغ سلام کے
بحسب حدیث اَلنُّصحُ لِکُلِّ مُسلِم کے التماس کرتا ہی کہ عرصہ تخمیناً چالیس بیالیس برس کا
گذرا کہ بعد تشریف لیجانے حضرت سید احمد صاحب و مولانا محمد اسمٰعیل صاحب و مولانا
عبد الحی صاحب کے طرف پنجاب کے بعضے مفسدین غرا جونکی خیال مین کچھہ انکار تقلید ائمہ دین
متین علیہم الرحمۃ کا آیا تہا اور تخم عناد کا فقہا و فقہ کی طرف سے خصوصاً جناب امام صاحب کی
طرف سے اونکے دلمین جما تہا منجملہ اونکے مولوی عبد الحق بنارسی نے مدعی خلافت حضرت سید احمد
کے بنکر اور اس پردہ مین داد خوب لامذہبی کی دیکر بہت مسلمانونکو بہکایا اور فساد نواحدث
مذہب کا پہیلایا تہا سو اوس مرتبہ مین یورب کے دیندار لوگون اور مریدین خاص اور خلفا حضرت
سید احمد صاحب نے فتوی حرمین شریفین سے طلب کئی چنانچہ چارون وہانکی مفتیون نے اور تمام

وہان کی دیگر علمانے مثل شیخ محمد عابد سندی مصنف طوالع الانوار حاشیہ در مختار وغیرہ
نے بالاتفاق لکھدیا کہ ایسے لوگ گمراہ اور گمراہ کرنیوالے ہین اور اوس فتوی پر مہرین اپنی
ثبت فرمائی بعد اسکے اوس فتوی پر تمام علمار و مدرسین کلکتہ وغیرہ نی خصوصًا خلفا حضرت
سید احمد صاحب نے مہرین اپنی کین اور ایسے لوگونکی گمراہی پر اتفاق ہوا اسی عرصہ مین مولوی
محمد وجیہ الدین صاحب نے جو مدرس اول مدرسہ کلکتہ کے اور سرامد علمار پورب کے ہین ایک رسالہ
موسوم بہ نظام الاسلام تالیف کیا کہ خوب مدلل بآیات و احادیث ہی اور فرقہ فتنہ انگیز کے رد
مین اور اثبات دلائل اپنی مذہب حنفی مین اور رفع شکوک مخالفین مین کہ خوبی اوسکی دیکہنی سے
معلوم ہوتی ہی اور اوسپر تمام علمار کلکتہ وغیرہ کیا مدرسین اور کیا خلفا حضرت سید احمد صاحب کے
مہرین ثبت کرنا مین تب لامذہب خائب و خاسر ہوگئے بعضے ساکت ہوئے اور بعضوں نے تقیہ پر کام
فرمایا مگر شور وفساد کا جو علانیہ تہا وہ مٹ گیا اور نابود ہوا بعد اوسکے ایک عرصہ کے بعد ایک
شخص عبد اللہ نامی ہے اوسکی دماغ مین یہی خلل پیدا ہوا اور مکہ معظمہ مین وہ اسی جرم مین قید ہوا
اور بہت ذلت و خواری اوسنے اوٹہائی جتنی کہ اوٹہانی تہی تب وہان سے اوسنے توبہ کا اظہار کرکے
بباعث بعضے رحم مزاجونکی اعانت کے رہائی پاکر اور کتنے شہرون مین پہرکر دہلی مین آنکر وہی
فساد لامذہبی کا پہیلانا شروع کیا بہتونکو لامذہب بنایا اور کتنونکو شبہ مین ڈالکر تباہ کیا اوس وقت
مین جناب مولانا محمد اسحق صاحب مرحوم اور مولوی محبوب العلی صاحب مرحوم اور مولوی عبد الخالق
صاحب مرحوم دہلی مین موجود تہے اور یہہ صاحب ایسے لوگون سے بہت ہی ناراض رہتی تہی اور انکی
کلمات سنکر چہرہ مبارک حضرت مولانا محمد اسحق صاحب کا سرخ ہوجاتا تہا اور فرماتے تہے کہ یہہ

لوگ ضال ہین اور مولوی محبوب العلی صاحب ایسے لوگونکو بہتر فرقہ کا ملغوبہ فرماتے تہے اور
قلع قمع ان لوگون کا بوجہ احسن کرتے تہی اور کوئی لامذہب اونکی سامنی دم نہ مار سکتا تہا
اور مولوی عبد الخالق صاحب بہی انکا رد و کد بوجہ احسن فرماتی تہے اور خوب انکی گت کرتی تہے
اور فرماتی تہی کہ یہہ لوگ جہوٹی رافضی ہین چنانچہ اوسوقت کی لوگونکو خوب معلوم ہے اور جو جو
کہ سمجھہ کچھہ رکہتے تہے وہ بہی نہایت رنج اوٹہاتے تہی منجملہ اونکی سید نذیر حسین صاحب نے
بہی دفع اس فتنہ مین بہت سعی کے کہ مولوی حقی اور عبد المجید پوربی سے اسباب مین بہت
گفتگو کرکے اون کو ساکت کیا بلکہ اونکی جوابات شکوک مین ایکرسالہ لکہا اور اوسمین تعریفین امام
صاحب کے اور حقیت اپنے مذہب حنفی کے اور جواب مخالفین کے اور مرجوحیت مذہب غیر کے
بیان کی اور رواۃ احادیث پر جو خلاف حادیث متمسکہ مذہب حنفی کی ہین جرح و قدح بوجہ احسن
فرماکر اونکو ضعیف ٹہرایا اور بارہا اپنی زبان مبارک سے ان لامذہبونکو رافضیونکا بہائی کہا
لیکن عبد اللہ صفی پوری اور اونکی اتباع فی زمانا آخر لاچار ہوکر سبنے صلاح و مشورہ کی کہ اومین
خاص سید نذیر حسین صاحب آئے اور مولوی خواجہ ضیاء الدین صاحب بہی شریک تہے سن ایکہزار
دو سو چون ہجری مین ایک استفتا مولانا محمد اسحق صاحب نواسہ و جانشین حضرت شاہ عبد العزیز
رحمۃ اللہ علیہ کے روبرو پیش کیا اونہونے اوسکے جواب مین تقلید امام معین کو واجب تحریر اور منکر
اوسکیکو ضال ارقام فرمایا پھر اوس فتوی پر دیگر علماء شہر نے بہی کچھہ کچھہ عبارتین لکھہ کر
مہرین کین اور نام اون علماء کی یہہ ہین مولوی مفتی محمد صدر الدین صاحب و مفتی اکرام الدین
صاحب و مفتی رحمت علی صاحب و مولوی عبد الخالق صاحب استاذ سید نذیر حسین صاحب

ومولوی محمد حیات کا رضا صاحب ومولوی مملوک العلی صاحب ومولوی سید محمد صاحب ومیان
شاہ احمد سعید صاحب سجادہ نشین شاہ غلام العلی صاحب مرحوم ومولوی محمد علی صاحب رامپوری
خلیفہ سید احمد صاحب بریلوی ومولوی حیدر علی صاحب ومولوی محبوب العلی جعفری تلمیذ خاص
مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کے پھر اس فتوی کا ترجمہ مولوی محبوب العلی صاحب نے اس ڈھنگ پر
کیا کہ ہر جواب مولوی کا ایک باب منعقد کیا پہلے ترجمہ لکھا پھر خلاصہ کیا اور اوسکو ایک رسالہ بنا کر نام
فتح الاسلام رکھا پھر اس رسالہ کو مولوی خواجہ ضیاء الدین نے کلکتہ کو واسطے چھپنے کے پاس حاجی
عبد اللہ صاحب کے بدست آخون ہارون کے ارسال کیا حاجی صاحب نے وہ فتوی حرمین شریفین کا
جسکا پہلے ذکر ہو چکا ہی اس رسالہ مین منضم کر کے چھپایا اور اس رسالہ کا نام تنبیہ الضالین رکھا
اور وہ رسالہ یہان دہلی مین آیا اور کئی بار چھپا خدا کی فضل سے مذہب لامذہبونکا نابود اور اگرچہ
بعضے اوسی وطیرہ پر رہے لیکن دبے ہوے اور تقیہ مین اپنا کام نکالتے رہے اس بیچمین مکہ معظمہ مین
کئی بار ایسے لوگ سزایاب ہوئے بعضے تائب ہوئے بعضے نکالے گئے پھر اس ملک کے دفع مین سید نذیر حسین
صاحب بجان ودل ہمارے ساتھ رہے حتی کہ تنویر العینین کے مضامین کے رد مین جسکو لوگ منسوب مولانا
اسمعیل کیطرف کرتے ہین مدلل ایک رسالہ زبان عربی مین لکھا اور سورہ فاتحہ کی نہ پڑھنی مین پیچھے امام کے
بھی ایک رسالہ لکھا اور اخفاء آمین اور عدم رفع یدین وغیرہ مین بھی خوب خوب عبارتین اور روایتین
لکھین اور لکھا کہ عدم رفع یدین نماز مین احق ہی اور رفع منسوخ اور مذہب حنفی کی بہت سی تعریفین
لکھین چنانچہ وہ اب تک سب ایک نسخہ کے پاس موجود ہین اور چونکہ سید صاحب اس فقیر سے نہایت
محبت رکھتی تہے ہر جمعہ کو میری ہان آتی اور بارہا فرماتی کہ ہم اور تو کچھہ جانتے نہین ہمکو کوئی بتادی

کہ فلانا مسئلہ حنفیہ کا خلاف قرآن یا حدیث کی ہی دیکھو تو ہم کیسا قرآن وحدیث سے ثابت
کرتے ہیں اور ایک صاحب نے پوچھا کہ تقلید ایک امام کی کیا واجب ہے سید صاحب نے کہا کہ واجب
کیا بلکہ فرض ہے جو تہائی سر کا مسح کوئی نکریگا تو وضو حنفی کا صحیح نہو گا پھر بعد ایک عرصہ
کے بعض لوگونکو شیطان نے ورغلانا کہ وہی سوسے پھر پیدا ہوئی اور تقلید مذہب خاص کو بدعت
وضلالت و شرک بتانی لگے بلکہ ایک فتوی ٹونک کے نام سے منگا کے چھپوایا اوسوقت مین
میرزا فتح الملک ولیعہد زندہ تھی اونکی ایما سے مولوی بشیر الدین صاحب قنوجی کہ ولیعہد بہادر
کے ہان متوسل تھے وجوب تقلید امام معین مین فتوی لکھا اور اوسپر تمام علماء شہر کی مواہیر ثبت
ہوئین چرچا لامذہبی کا نہ رہا پر جنکی اپنا جرگہ بانذہنی رہی بعد غدر کے لامذہبونے یہہ پیرایہ
اختیار کیا کہ سید نذیر حسین صاحب کے پاس حلقہ باندہ کر بیٹھنا شروع کیا گیا مسجد مین اونکو اونکی
مکانپر اور جب کوئی بات لامذہبی کی مونہہ سے نکالین یا عمل کرین تو حوالہ سید صاحب کا دین ہم لوگ
اونکو جھٹلاوین کہ تم جھوٹی ہو وہ ایسے ہرگز نہین ہین اور جو کوئی صاحب سید صاحب سے اونکا
مقولہ کہی کہ وہ آپکا حوالہ دیتی ہین تو سید صاحب یہہ فرماوین کہ وہ جاہل ہین اونکا کیا اعتبار
آخر نوبت باینجا رسید کہ امان تو ہر اور اونکی اتباع پر کہلم کہلا لگے تبری ہونے اور اتخذوا احبارہم
کے مصداق لگے ٹہرانی تو حنفیون نے وہی فتوی مولوی بشیر الدین صاحب کا نکالا اور جن جنکی مہرین
اوسپر بسبب فوت ہونے ولیعہد مرحوم کی نہوئین تہی کرائین چنانچہ سید نذیر حسین صاحب نے یہہ عبارت
لکھکر مہر کی کہ جو کوئی مذہب خاص کی پیروی کو بدعت و ضلالت کہی وہ مردود گمراہ ہی چنانچہ فتوی
چھپ گیا پر لامذہبونے نہ مانا اور لامذہبی مین زیادہ مصر ہوئے اور نشست برخاست سید صاحب پاس

زیادہ رکہنی لگے اور سید صاحب کو ایسا ورغلانا اور اپنی ساتہہ سانٹہا کہ سید بھی اونکی ممنونی و
مشکور ہین لٹو ہنکر اونکی حمایت لگی کرنے اور لگی کہنے کہ مین تو بیس بائیس برس سے ایسے ہی تہا پر
کسے کو معلوم نتہا اور مین کیا کرون مجکو تو یہ نہین سوجہتی ہے تب فقیر نے بعد استخارہ مسنونہ کے
دو رسالے ایک **تنویر الحق** اور دوسرا **توفیر الحق** لکہا اور اونمین دلایل اپنی مذہب کے
قرآن و حدیث و اجماع امت سے لکہے ہین اور وجوب تقلید امام معین کی جو سید صاحب فرمایا کرتے
تہے کتب معتبرہ سے لکہے سو تنویر الحق کے جواب مین رسالہ معیار لکہا کہ اوس سے تمام مقلدین کیا
اولیا اور کیا علما و صلحا متقدمین و متاخرین مشرک و بدعتی ٹہری سید صاحب کے ذات سی بعید ہے
کہ ایسے واہیات لکہین اگرچہ اسکا نام سے وہ مصار و دیار مین ایسے بدنام و خوار ہوی ہین کہ حاجت
بیان کی نہین پر اوسکو بہی اونہون نے اپنا نام و نمود سمجہا غرضکہ جب معیار چہپی اور ملکون مین اوسکی
گمراہی پہیلی اور اطراف و جوانب سے اوسکے پیرو نکی گمراہی اور لامذہبی اور فساد اور انکار تابعیت
امام اور تقلید معین کی شکایت مین فقیر کے پاس خطوط پہونچی تو اگرچہ اوس معیار کے کہی جگہہ
رد بخوبی ہوئی اور ہورہے ہین اور تمام اوسکے مولف کی دہوکے بازیان اور سرقے اور بیدیانتیان
اور ابلہ فریبیان اور تجاہل عارفانہ اور ہٹ دہرمیان ظاہر ہو رہے ہین بلکہ ایک رسالہ
مدار الحق نام جو رد مین اوسکے مولوی **محمد شاہ** صاحب نے بسعی تمام کتب معتبرہ اہل سنت
و جماعت سے یعنے قرآن و حدیث و اصول و فقہ و عقائد وغیرہ سے لکہا ہی وہ اتمام کو پہونچا ہے
عنقریب چہپتا ہی انشاء اللہ تعالی اوسکی کیفیت حقیت کی دیکہنے سی معلوم ہوگی اور حق تو یہہ ہے
کہ جیسے ذہبی نے کہا ہے کہ حلال نہین ہے اوس کسیکو کہ تصحیح حاکم پر مغرور ہووے جبتک کہ تعقبات

اور تحقیقات میں مکو نہ دیکھے اسطرح حلال نہین اوسکو کہ جو معیار کو دیکھکر غرہ ہووے جبتک
رسالہ مدار الحق مؤلفہ مولوی محمد شاہ کو نہ دیکھی پر تہوڑا عرصہ ہوا کہ اس عاجز نے واسطے مزید
حفاظت عوام و خواص کے ایک استفتاء علماء امصار دیار ہند و ولایت پیش کرکے جواب اوسکا
لیا اور مواہیر اونکے اوسپر کرائین پھر اب اس برس ۱۲۸۴ جو اسی ہجری ہین کہ جو نواب محمد محمود علی خانصاحب
والی قصبہ چہتاری واسطے حج کے بیت اللہ شریف مین معہ قافلہ حاضر ہوئی اور یہ فقیر بہی
اونکی ہمراہ تہا اس فقیر نے وہی استفتا ساتھ تہوڑے سے فرق کی بسبب مزید عبارات اور
دلائل اور نقول علما اور صفائی عبارت کے حرمین شریفین کے مفتیوں اور علماء کے آگی خود پیش کرکے
جواب حاصل کیا اور اون کے مواہیر اوسپر مزین کیا تا جو کوئی اوسکو بغور دیکھے راہ مستقیم سے
نہ ڈگی اور ترجمہ اوسکا اردو کرواکر بطور رسالہ کے مرتب کیا اور نام اوسکا تحفۃ العرب والعجم
رکہا اور اس فقیر نے بارہا حرمین شریفین مین استخارہ مسنونہ کیا اور بالحاح تمام دعا کی کہ یا الٰہی
اگر یہی راہ جدید حق ہی تو ہمکو بہی اسیکی طرف ہدایت ہو والا ان سبکو راہ قدیم کی طرف ہدایت ہو
لیکن جب استخارہ کیا یہی قلب پر الہام ہوا کہ لاکہون کروڑون اچہی لوگ کیونکر خلاف حق پر ہو سکتے
ہین کہ حضرت نے فرمایا ہی اِتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهٗ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ
رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ یعنے پیروی کرو جماعت کثیر کی ف مراد اس سے یہہ ہے کہ جسپر اکثر مسلمان
ہون کما قال الملا علی القاری بن بلاشبہ جو کوئی الگ ہوا جماعت سی الگ کرکے دوزخ مین ڈالا
جاویگا اور فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَا یَجْمَعُ اُمَّتِیْ اَوْ قَالَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلٰی ضَلَالَةٍ وَیَدُ
اللّٰهِ عَلَی الْجَمَاعَةِ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

یعنے بلاشبہ اللہ نہین جمع کرتا ہے میرے امت کو یا فرمایا امت محمد کو گمراہی پر اللہ کا ہاتہہ

جماعت پر ہے جو کوئی الگ ہوا جماعت سے الگ کر کے ڈالا جاویگا دوزخمین نقل کی یہہ ترمذی نے

ف ہاتہہ اللہ کا جماعت پر یعنی محافظت اور مدد اور توفیق اور تائید اللہ تعالی کی ہی جماعت پر

یہہ خاصیت ہے اس امت مرحومہ کے اللہ تعالے نی عطا فرمائی ہی کہ جیسے امت حضرت کی متفق ہوتی ہے

حق ہی ہوتی ہی فقط اور فرمایا اِنَّ الشَّیطٰنَ ذِئبُ الاِنسَانِ کَذِئبِ الغَنَمِ

یَأخُذُ الشَّاذَّۃَ وَالقَاصِیَۃَ وَالنَّاحِیَۃَ وَاِیَّاکُم وَالشِّعَابَ وَعَلَیکُم

بِالجَمَاعَۃِ وَالعَامَّۃِ رَوَاہُ اَحمَدُ یعنی تحقیق شیطان بہیڑیا ہے آدمی کا مانند بہیڑیی بکری کے

کہ لیتا ہے بکری بہاگنے والیکو ریوڑ مین سے اور اوس بکری کو کہ دور ہو گئی ہو ریوڑ سے

اور اوس بکری کو کہ کنارے پر ہو ریوڑ سے اور بچو تم درون پہاڑ کیسے اور لازم ہی

تمپر جماعت روایت کی یہہ احمد نے ف مراد یہہ ہے کہ جیسے بھیڑیا اکیلی بکری پر

بہت دلیر ہوتا ہی ایسے ہی شیطان اوس آدمی پر مسلط ہوتا ہے کہ جماعت علما سی

الگ ہو کر نیا مذہب نکالتا ہی اور بچو درون پہاڑ کیسے یعنی شاہ راہ اسلام چہوڑ کر

گمراہیونکی کہاٹیونمین مت بیٹہو بلکہ فرمایا مَن فَارَقَ الجَمَاعَۃَ شِبرًا فَقَد خَلَعَ

رِبقَۃَ الاِسلَامِ مِن عُنُقِہٖ رَوَاہُ اَحمَدُ وَاَبُودَاوُدَ یعنی جو شخص کہ جدا ہوا

جماعت سی بالشت بہر یعنی ایک ساعت پس تحقیق نکالا اوسنے پٹہ یعنی ذمہ اسلام کا

گردن اپنی سے روایت کی یہہ احمد اور ابو داودنی یعنی اب اس درجہ کو پہنچا کہ شاید قید

اسلام اور بند احکام اوسکے سی باہر آوی بلکہ دوراہہ کی مثال حضرت نی مثال

منافق کی فرمائی ہی اس حدیث مین جو صحیح مسلم مین موجود ہے ؛ مَثَلُ الْمُنَافِقِ کَمَثَلِ الشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَعِيرُ إِلَى هٰذِهِ مَرَّةً وَإِلَى هٰذِهِ مَرَّةً یعنے منافق کی مثال اوس بکری کی ہے جو ماری ماری پہرتی ہو دو ریوڑون مین کبہی اس ریوڑ مین اور کبہی اوس ریوڑ مین ف یعنی وہ کمبخت نہ ادہر کا نہ ادہر کا آور عرب کے علمار پر جو بعضے احمق لوگ طعن کرتے ہین بڑی خطا پر ہین اسلئے کہ وہ خیر البقاع کے رہنی والی ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی جس جگہہ کے حق مین فرمایا ہے کہ تحقیق ایمان سمٹ آویگا طرف مدینہ کے جیسی کہ سمٹتا ہی سانپ طرف بل اپنی کی روایت کیے یہہ بخاری مسلم نی آور فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دین البتہ سمٹ آویگا طرف حجاز کی یعنی مکہ اور مدینہ اور متعلقات اونکیکی جیسیکہ سمٹ آتا ہے سانپ طرف بل اپنی کی اور البتہ جگہہ پکڑیگا دین حجاز مین جیسی کہ جگہہ پکڑتی ہے بکری پہاڑ کی چوٹی پہاڑ پر روایت کی یہہ ترمذی نی مشکوۃ ف یعنی معنی یہہ ہین کہ دین آخر زمانہ مین نزدیک ظاہر ہونے فتنون کی پہر آویگا طرف حجاز کی جیسیکہ شروع ہوا تہا اول وہین سے ہر فات چہ جای علمار کہ وہ بڑے مخلص اور بیغرض ہین ع چہ نسبت خاک را با عالم پاک ؛ سبحان اللہ ایک تو وہ وقت ہمنی دیکہا کہ جناب مولانا محمد اسحاق صاحب علیہ الرحمۃ کا کہ وقت پڑہانی حدیث کی جہان تعارض ہوا حدیث مین اور روایت فقہی مین اوسیوقت حدیث متمسک حنفیہ کی بیان فرماکر دفع تعارض کا کردیا کہ پڑہنی والی کو تسکین ہوگئی اور سوء ظنی بہ نسبت مذہب کی نہونی پائی بلکہ حقیت مذہب

اپنے دلمین خوب جم گئی یا یہ وقت دیکھا کہ معاملہ ہی عکس ہوگیا کہ جو روایتیں
فقہی ظاہر مین مخالف حدیث کی معلوم ہوئی تو وہ توجیہ و تاویل جو شارحین مقبول
الہی لکھ گئے ہین قبول نکرکے اور فقہا کو مخالف حدیث کا ٹھراکر بدعتی والیکو خلجان
مین ڈالکر اور اپنی اجتہاد کو دخل دیکر شاگردو کو منکر فقہ اور فقہا بناکر تقلید مذہب سے
نفرت دلاکر اپنے تقلید کے جال مین پہنساکر لامذہب بنایا مثل مشہور ہے بڑی ہوئی ہو کو
بلاؤ کہ گھر مین نون ڈالی حال آنکہ غیر مجتہد کو اپنی رائی سی فتوی دینا درست نہین
جیساکہ علمانے اکثر اصول اور فروع مین تصریح فرمائی ہے افسوس صد افسوس
ان لوگون پہ ہے کہ مذہب مجتہدین خیر القرون کا چھوڑکر تابعداری غیر مجتہد
ناقہم اس زمانہ فساد انگیز کی کرتے ہین اور زبان طعن کی اکابر دین پر دن رات
جاری رکہتے ہین **بیت** چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد *
میلش اندر طعنہ پاکان برد * اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَاَرِنَا
الْحَقَّ حَقًّا وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ *

تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله الذي له الاسماء الحسنى والصلوة على من له المعراج

سب تعریفیں اللہ کیواسطے ہین وہ اللہ کہ اوسیکی واسطے نام نیک ہین اور رحمت اوترے اوس شخص پر کہ اوسیکی واسطے معراج

الاعلى وعلى اله واصحابه نجوم الورى واحبابه وانصاره ائمة الهدى

بہت بڑے ہی اور اوپر اولاد اونکی کی اور یارون اونکے کہ ستارہ مخلوقات کی ہین اور اونکی دوستون اور اونکی مددگارون پر کہ امام ہدایت کی ہین

ما قولكم دام فيضكم يا علماء الحرمين الشريفين اهل الحجاز

کیا ہی قول تمہارا ہمیشہ رکھی اللہ تعالی فیض تمہارا ای علماء مکہ اور مدینہ کی یعنے اہل حجاز

الذين هم ملجاء الدين كما قال سيدنا ومولانا رسول الله صلى

کہ وہ پناہ دین کی ہین جیسا کہ فرمایا سردار اور مولی ہمارے رسول اللہ صلی

الله عليه وسلم ان الدين ليارز الى الحجاز كما تارز الحية

اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہ دین سمٹ آویگا طرف حجاز کے جیسا کہ سمٹ کر جاتا ہے سانپ

الى جحرها وليعقلن الدين من الحجاز معقل الاروية من راس

طرف سوراخ اپنی کی اور البتہ جگہ پکڑیگا دین حجاز مین مانند جگہہ پکڑنے بکری پہاڑ کے

المسئلۃ الاول فی عدم جواز التقلید

الجبل رواہ الترمذی فیما قال عمر وان التقلید غیر جائز لقولہ

پہاڑ کی چوٹی پر نقل کیے یہہ ترمذی نے اس مسئلہ میں کہ کہا عمر نے کہ بیشک تقلید کرنے کسیکے جائز نہیں ہے واسطی فرمانے

تعالی یا ایہا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر

اللہ تعالی کی اے لوگو کہ ایمان لائے ہو تابعداری کرو اللہ کی اور اللہ کے رسول کی اور اپنی صاحبان امر کے

منکم فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول الایۃ فلذا قال

پس اگر جھگڑو تم کسی چیز میں تو رجوع کرو طرف خدا اور رسول کی اخیر آیۃ تک پس اسلیے کہا

ابن حزم فی کتابہ المحلی باب التقلید لا یحل لاحد ان یقلد احدا

ابن حزم نے اپنی کتاب محلی میں یہہ باب تقلید کا ہے نہیں جائز ہے کسیکے لیے یہہ کہ تقلید کرے کسیکے

لا حیا ولا میتا وعلی کل احد من الاجتہاد بحسب طاقتہ انتہی

نہ کسی زندہ کی اور نہ کسی مردے کی اور لازم ہے ہر ایک پر اجتہاد کرنا بحسب طاقت اپنی کی تمام ہوا کلام ابن حزم کا

وقال ابو حنیفۃ واحمد ابن حنبل لا تقلدنی ولا مالکا ولا غیرہ

اور کہا ابو حنیفہ اور احمد بن حنبل نے کہ نہ تقلید کر میری اور نہ امام مالک کی اور نہ اور کسیکے

خذ الاحکام من حیث اخذوا من الکتاب والسنۃ انتہی بل ہو

لے تو احکام کو جہاں سے لیا اونہوں نے کہ وہ کتاب اور سنت ہے تمام ہوا کلام دونوں کا بلکہ تقلید

شرک کما قال اللہ تعالی اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا

شرک ہے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے کہ پکڑا ہے یہود و نصاری نے اپنے عالموں اور درویشوں کو رب

من دون اللہ کما جاء تفسیرہ فی حدیث عدی ابن ابی حاتم

سوای اللہ کے جیسا کہ آئی ہے تفسیر اسکے بیچ حدیث عدی بن ابی حاتم کے

إِنَّهُ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ فِي سُورَةِ

کہ اونہوں نے کہا کہ آیا مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور سنا مینے آپ سے پڑہتی تہے سورہ

بَرَاءَةٍ اِتَّخَذُوْا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللهِ قَالَ

برات مین کہ پکڑا یہود ونصارٰی اپنی عالموں اور درویشونکو رب سوای اللہ کے فرمایا آپ نے

أَمَا إِنَّهُمْ لَا يَعْبُدُوْنَهُمْ وَلٰكِنَّهُمْ إِذَا أَحَلُّوْا لَهُمْ شَيْئًا اِسْتَحَلُّوْهُ وَإِذَا

آگاہ ہو تحقیق وہ نہین پوجتی ہین اونکو ولیکن وہ جسوقت کہ حلال کرتے ہین اونکے لئی کسی چیز کو حلال جانتی ہین اوسکو اور

حَرَّمُوْا عَلَيْهِمْ شَيْئًا حَرَّمُوْهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اِنْتَهٰى كَلَامُ عَمْرٍو

جسوقت حرام کرتی ہین اون پر کسی چیز کو حرام جانتے وہ اوسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے تمام ہوا کلام عمرو کا

فَقَالَ زَيْدٌ إِنَّ التَّقْلِيْدَ جَائِزٌ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالْإِجْمَاعِ وَالْقِيَاسِ

پس کہا زید نی کہ بلاشبہ تقلید جائز ہی کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اور اجماع اور قیاس سے

فَأَمَّا الْكِتَابُ فَقَالَ اللهُ تَعَالٰى فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

ای پر کتاب پس فرمایا اللہ تعالی نی پس پوچہو تم عالموں سے اگر نہین جانتے ہو تم

وَقَالَ اللهُ تَعَالٰى اَلسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ

اور فرمایا اللہ تعالی نی سبقت کرنیوالی اول لوگ جو ہین مہاجرین اور انصار سے

وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ الْآيَةَ وَأَمَّا

اور وہ لوگ کہ پیروی کی اونکی اچہی طرح راضی ہوا اللہ اونسی اور راضی ہوئی وہ اللہ سے اخیر آیۃ تک ای

السُّنَّةُ فَأُخْرِجَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سنت پس روایت کی گئی ہی معاذ بن جبل سی کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

بعث معاذًا الی الیمن فقال کیف تقضی فقال اقضی بکتاب اللہ قال

بھیجا معاذ کو طرف یمن کی پس فرمایا کہ کیونکر حکم کریگا تو پس کہا معاذ نے کہ حکم کرونگا مین بموجب کتاب اللہ کے فرمایا آپ نے

فان لم تجد فی کتاب اللہ قال فبسنۃ رسول اللہ قال فان لم تجد

پس اگر نہ پاوے تو بیچ کتاب اللہ کے کہا معاذ نے پس حکم کرونگا بموجب سنت رسول خدا کی فرمایا آپ نے پس اگر نہ پاوے تو

فی سنۃ رسول اللہ قال اجتہد برائی قال الحمد للہ الذی وفق

بیچ سنت رسول خدا کے کہا معاذ نے اجتہاد کرونگا اپنی عقل سی فرمایا آپ نے کہ شکر ہے اوس خدا کا کہ توفیق دی

رسول رسول اللہ رواہ الترمذی وغیرہ من اہل الحدیث فذلک

بھیجے ہوئے رسول خدا کو نقل کی یہہ ترمذی وغیرہ نے اہل حدیث سے پس یہہ

الحدیث صریح فی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جعل معاذ

حدیث صریح ہے اسمین کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا معاذ بن جبل کو

بن جبل متبوع اہل الیمن وایاہم اتباعہ واما الاجماع فقال السیوطی

متبوع یمن والونکا اور یمن والون کو تابع واسطے معاذ کا اوپر اجماع پس کہا سیوطی نے

فی جزیل المواہب وبعض شراح کتب الاصول قال القرافی

بیچ کتاب جزیل المواہب کے اور بعض شارحین اصول کی کتابون کے نے کہ کہا قرافی نے

قد انعقد الاجماع علی ان من اسلم فلہ ان یقلد من العلماء من شاء

کہ تحقیق منعقد ہوا ہی اجماع اسپر کہ تحقیق جو مسلم پس لازم ہے اوسکو یہہ کہ تقلید کری علما مین جسکی چاہے

من غیر حجر انتہی وقال عبد السلام فی شرح متن الجوہرۃ

بغیر ممانعت کے اور کہا عبد السلام نے بیچ شرح متن جوہرہ کے

وقد انعقد الاجماع على ان من قلد في الفروع ومسائل الاجتهاد

اور تحقیق منعقد ہوا ہی اجماع اسپر کہ جو کوئی تقلید کری فروع میں اور مسایل اجتہادیہ میں

واحدا من هؤلاء برئ عن عهدة التكليف انتهى واما القياس فلان تقليد عمدة ائمة

ایک شخص کہ ان علما مین سے تو فارغ ہو جائیگا عہدہ تکلیف کے سے انتہی پر قیاس پس تحقیق تقلید عمدہ اماموں

الحديث كالبخاري ومسلم مثلا في تصحيح الاحاديث جائز بالاجماع

حدیث کی مانند بخاری اور مسلم کے مثلا بیچ صحیح کرنے حدیثوں کے جائز ہے بالاجماع

فكذلك تقليد عمدة ائمة الدين كابي حنيفة او مالك او الشافعي

پس ایسی ہے تقلید عمدہ اماموں دین کی مانند ابو حنیفہ یا مالک یا شافعی

او احمد بن حنبل في المسائل كان جائزا بالاجماع لاتحاد العلة

یا احمد بن حنبل کی بیچ مسلوں کے ہوگی جائز بالاجماع واسطے اتحاد علت کی

فالجواب عن الاية ان الخطاب في قوله تعالى فان تنازعتم في شيء

پس جواب آیت سے یہہ ہی کہ تحقیق خطاب بیچ قول اللہ تعالے کے فان تنازعتم فی شئے

فردوه الى الله والرسول لاهل التنازع فكان المعنى هكذا يا ايها

فردوہ الی اللہ والرسول کے واسطے اہل تنازع کے ہے پس ہوگی معنی یہہ سے وہ

الذين امنوا اطيعوا الله واطيعوا الرسول واولي الامر منكم فان

لوگو کہ ایمان لائی ہو فرمان بردار کرو اللہ کی اور فرمان بردار کرو رسول اللہ کی اور اپنے صاحبان امر کی یعنی اپنی حکام پس اگر

تنازعتم في شيء من الاحكام فردوه الى الله والرسول اي الى كتاب الله

جھگڑو تم بیچ کسی چیز کے احکام مین سے پس رجوع کرو تم طرف اللہ اور رسول کی یعنے طرف کتاب اللہ

وَسُنَّةِ رَسُولِ اللهِ اِنْ كُنْتُمْ اَهْلَ الْعِلْمِ وَاِلٰى عَالِمِ كِتَابِ اللهِ وَسُنَّةِ رَسُولِ

اور سنت رسول اللہ کے اگر ہو تم اہل علم سے اور طرف عالم کتاب اللہ اور سنت رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ اَهْلِ الْعِلْمِ لِتَعَذُّرِ الرَّدِّ فِي زَمَانِنَا اِلَى اللهِ وَ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اگر ہو تم غیر اہل علم میں سے واسطے مشکل ہونے رجوع کی بیچ زمانہ ہماری کے طرف اللہ کے اور

رَسُولِهِ فَوَجَبَ تَقْدِيرُ الْكَلَامِ كَمَا قُلْنَا فَدَلَّتِ الْاٰيَةُ عَلٰى وُجُوبِ التَّقْلِيدِ

رسول اوسکیکے پس واجب ہوئی تقدیر کلام کی جیسا کہ کہا ہمنے پس دلالت کیا آیت نے اوپر واجب ہونے تقلید کے

وَالْجَوَابُ عَنْ قَوْلِ الْاِمَامَيْنِ الْهُمَامَيْنِ اَنَّهُ خِطَابٌ

اور جواب قول اماموں بزرگ کی سے یہہ کہ یہہ خطاب ہے

لِمَنْ صَارَ مُجْتَهِدًا كَمَا صَرَّحَ بِهِ الْاِمَامُ عَبْدُ الْوَهَّابِ الشَّعْرَانِيُّ فِي الْمِيزَانِ

واسطے اوس شخص کے کہ ہو گیا ہی مجتہد جیسکہ بتا گیا ہی اسکو امام عبد الوہاب شعرانی نے بیچ کتاب میزان

الصُّغْرٰى حَيْثُ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ شَخْصًا اِسْتَشَارَهُ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِي تَقْلِيدِ

صغری کے کہ کہا پہنچا ہمکو کہ بلا شبہ ایک شخص نے مشورہ لیا امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ سے بیچ تقلید کسی

اَحَدٍ مِنْ عُلَمَاءِ عَصْرِهِ فَقَالَ لَا تُقَلِّدْنِي وَلَا مَالِكًا وَلَا النَّخَعِيَّ وَلَا

کسی کی علمائی عصر اپنی سی پس کہا ابو حنیفہ نی کہ نہ تقلید کر میری اور نہ مالک کی اور نہ نخعی کی اور نہ

الْاَوْزَاعِيَّ وَلَا غَيْرَهُمْ خُذِ الْاَحْكَامَ مِنْ حَيْثُ اَخَذُوا مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

اوزاعی کی اور نہ اوروں کی سے تو احکام کو جہاں سے لیا اونہوں نے یعنے کتاب اور سنت سے

قُلْتُ هُوَ مَحْمُولٌ عَلٰى مَنْ لَهُ رَاْيٌ وَقُوَّةٌ عَلَى اسْتِنْبَاطِ الْاَحْكَامِ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

کہتا ہوں میں کہ یہہ محمول ہے اوپر اوس شخص کے کہ واسطے اوسکی ملکہ ہو اوپر نکالنے احکام کی کتاب اور سنت سی

وإلا فقد صرح العلماء بأن التقليد واجب على كل ضعيف وقاصر النظر

ورنہ پس تحقیق صریح بیان کیا علمانے یہہ کہ بلاشبہ تقلید واجب ہے اوپر ہر ضعیف اور قاصر نظر کے تمام ہوا کلام

انتهى وذلك لأن المجتهد تقليده لغيره حرام بالإجماع كما تقرر في كتب

شعرانی کا اور یہہ اسلیئے ہی کہ مجتہد کو تقلید کرنے اپنی غیر کی حرام ہے بالاجماع جیسا کہ مقرر ہے بیچ

الأصول والجواب عن قول ابن حزم أنه لا عبرة بكلامه

اصول کی اور جواب قول ابن حزم کے سے یہہ ہے کہ نہیں اعتبار ہے اوسکی کلام کا

في ذلك لكونه من أهل الظواهر لا من أهل السنة والجماعة بدليل أنه أنكر

اس مقدمہ میں واسطے ہونے اوسکے ظاہریہ میں سے نہ اہل سنت اور جماعت میں سے ساتھہ دلیل اسکی کہ اوسنے انکار کیا

القياس حيث قال في كتابه المحلى باب إبطال القول بالرأي والقياس لا يحل

قیاس کا کہ کہا اپنی کتاب محلی میں یہہ باب ہے باطل کرنے قول کا ساتھہ رائے اور قیاس کے نہیں درست ہے

القول بالقياس في الدين ولا بالرأي لأن أمر الله تعالى بالرد عند التنازع إلى

کہنا ساتھہ قیاس کے بیچ دین کے اور نہ ساتھہ عقل کے اسلیئے کہ حکم کیا اللہ تعالے نے رجوع کرنیکا وقت جھگڑے کے طرف

كتابه وإلى رسوله فمن رد إلى قياس أي تعليل ورأي فقد خالف أمر الله المعلق

کتاب اللہ تعالے کی اور طرف رسول خدا کی پس جس شخص نے کہ رجوع کی طرف قیاس کی یعنے علت یا عقل کے پس تحقیق خلاف کیا حکم خدا کا

بالإيمان وقول الله تعالى ما فرطنا في الكتاب من شيء وقوله تعالى اليوم أكملت لكم

کہ شرط ہی ایمان کی اور قول اللہ تعالے کا نہیں چھوڑی ہمنے کتاب میں کوئی چیز اور قول اللہ تعالے کا آجکے دن پورا کیا تمہی

دينكم وقوله تعالى تبيانا لكل شيء إبطال للقياس والرأي انتهى وأيضا صرح

دین تمہارا اور قول اللہ تعالے کا کہ قرآن میں بیان ہے ہر چیز کا باطل کرتا ہی قیاس اور رائی کو تمام ہوا کلام ابن حزم کا اور نیز صریح

النووی فی فصول مقدمۃ من شرح مسلم انہ ظاہری حیث قال قال الشیخ ابو عمرو

نووی نے بیچ فصلوں مقدمہ شرح مسلم کی کہ بلاشبہ ابن حزم ظاہری ہے اسلیئے کہ کہا نووی نے کہا شیخ ابو عمرو

ابن الصلاح رح وھکذا الامر فی تعلیقات البخاری بالفاظ جازمۃ ولم یصب

ابن صلاح نے اور اسیطرح حکم ہے بیچ تعلیقات بخاری کی ساتھ الفاظ یقینیہ کے اور نہیں بیجا صواب

ابو محمد بن حزم الظاہری حیث جعل مثل ذلک انقطاعا قادحا فی الصحۃ

ابو محمد بن حزم ظاہری جبکہ ٹہرایا اوسنے اسکو انقطاع مضر صحت مین

واستروح الی ذلک فی تقریر مذھبہ الفاسد فی اباحۃ الملاھی وزعم

اور رحت پکڑی ہی ابن حزم نے طرف اسکی بیچ مقرر کرنی مذہب فاسد اپنے کے بیچ مباح کرنے باجونکی اور گمان کیا اوسنے

انہ لم یصح فی تحریمھا حدیث مجیبا عن حدیث ابی عامر او ابی مالک عن رسول

کہ تحقیق نہیں صحیح ہے بیچ حرام کرنی باجون کے کوئی حدیث اس حالمین کہ جواب دیا ہی حدیث ابی عامر کیسیتی یا ابی مالک کیسیتی مروی ہے رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیکونن فی امتی اقوام یستحلون الحریر والخمر و

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ البتہ ہونگے بیچ امت میری کتنے ایک لوگ کہ حلال جانینگے ریشم کو اور شراب کو اور

المعازف فزعم انہ وان اخرجہ البخاری منقطع انتھی وکذا طرح المحققون

اور باجون کو پس کہا ابن حزم نے کہ تحقیق یہہ حدیث اگرچہ روایت کیا اسکو بخاری نے منقطع ہے تمام ہوا کلام نووی کا اور اسیطرح پہینکی

قول داود الظاہری کما صرح بہ الامام النووی فی شرح مسلم فی باب

قول داود ظاہری کا جیسے کہ تصریح کی ہے امام نووی نے بیچ شرح مسلم کے بیچ باب

تحریم استعمال اوانی الذھب والفضۃ من کتاب اللباس والزینۃ حیث قال

تحریم استعمال باسنون سونے اور چاندی کے کتاب لباس اور زینت سی جبکہ کہا

قال اصحابنا انعقد الاجماع علی تحریم الاکل والشرب وسائر الاستعمال

کہ کہا اصحاب ہمارے نے کہ منعقد ہوا ہے اجماع اوپر حرام کرنے کہانی اور پینے کے اور تمام استعمال کے

فی اناء الذهب والفضة الا ما حکی عن داود الظاهری وقول للشافعی فی القدیم

بیچ باسنوں سونے اور چاندی کے مگر جو کچھ کہ نقل کیا گیا ہی داود ظاہری سے اور قول قدیم شافعی کیسی

فهما مردودان بالنصوص والاجماع وهذا یحتاج الیه علی قول من یعتد بقول

سو وہ دونوں رد کئے گئے ہیں ساتھ نصوص اور اجماع کی اور اسکی طرف حاجت ہے اوپر قول اس شخص کے

داود فی الاجماع والخلاف والا فالمحققون یقولون لا یعتد به لاخلاله بالقیاس

کہ اعتبار کرتا ہی ساتھ قول داود کی اجماع میں اور خلاف میں ورنہ پس محققین کہتے ہیں کہ نہ اعتماد کیا جاوے ساتھ قول اسکے واسطے خلل انکے

وهو احد شروط المجتهد الذی یعتد به انتهی کلام النووی الشافعی

اور وہ ایک شرطوں مجتہد کیسی ہے کہ اعتماد کیا جاوے اسپر تمام ہوا کلام نووی شافعی کا

والجواب عن الایة الثانیة انه لیس معناه ما فهمه بل

اور جواب دوسری آیت کا یہہ ہے کہ نہیں ہیں معنی اوسکی جو کچھ کہ سمجھا انکے بلکہ

معناه انهم یتبعوهم فی تحلیل ما حرم الله تعالی وتحریم ما احل الله

معنے اوسکے یہہ ہیں کہ وہ پیروی کرتے ہیں علماء و درویشوں کی بیچ حلال کرنے اوس چیز کی کہ حرام کی اللہ تعالی نے اور بیچ حرام کرنے

تعالی قال فی تفسیر الجلالین اتخذوا احبارهم علماء الیهود ورهبانهم

تعالی نے کہا بیچ تفسیر جلالین کے پکڑا یہود و نصاری نے علماء اور فقیروں کو

عباد النصاری اربابا من دون الله حیث اتبعوهم فی تحلیل ما حرم وتحریم

رب باسوا اللہ کی جبکہ پیروی کی اونکی بیچ حلال کرنے اوس چیز کے کہ حرام کی اللہ نے اور بیچ حرام کرنے

ما احل انتهى وقال فى التفسير النيشابورى ونقل عن عدى بن حاتم انه كان

اور بیچیز کی کہ حلال کی اللہ نے تمام ہوا کلام جلالین کا اور کہا بیچ تفسیر نیشاپوری کے اور نقل کیا گیا ہی عدی بن حاتم سے کہ وہ تھے

نصرانیا فانتهى الى النبى صلى الله عليه وسلم وهو يقرأ سورة براءة فلما

نصرانی پس پہنچے طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حال مین کہ آپ پڑھ رہی تھے سورہ برات پس جبکہ

وصل الى هذه الاية قال عدى انا لسنا نعبدهم فقال اليس تحرمون

پہنچے حضرت طرف اس آیت کی کہا عدی نے کہ بلاشبہ ہم نہین پوجتے علما اور فقیرون کو پس فرمایا حضرت نے کیا نہین حرام

ما احل الله وتحلون ما حرم الله فقلت بلى فقال تلك عبادتهم انتهى

اوس چیز کو کہ حلال کیا اللہ نے اور نہین حلال جانتی او سچیز کو کہ حرام کی اللہ نے پس کہا مینی ہان پس فرمایا حضرت نے کہ یہی عبادت انکی

والائمة الاربعة ليسوا من هذا القبيل فما كانوا مصداق هذه الاية

اور چارون امام نہین ہین اس قبیل سے پس نہ ہوی وہ مصداق اس آیت کے

انتهى كلام زيد فقال عمرو فلو سلم جوازه فانحصاره فى المجتهدين باطل

تمام ہوا کلام زید کا پھر کہا عمرو نے پس اگر مانا جاوے جواز تقلید کا پس منحصر ہونا تقلید کا بیچ مجتہدون کے باطل ہے

لقوله تعالى ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر ولكون الاجماع على

واسطے فرمانے اللہ تعالی کے اور البتہ تحقیق آسان کیا ہمنے قرآن واسطے ذکر کی پس آیا کوئی نصیحت ماننے والا اور واسطے ہونے اجماع کے اوپر

ذلك قال القرافى وقد انعقد الاجماع على ان من اسلم فله ان يقلد من شاء

اسکی کہا قرافی نے اور تحقیق منعقد ہوا اجماع اسپر کہ جو اسلام لاوے پس واسطے اوسکی جائز ہی یہہ کہ تقلید کرے

من العلماء من غير حجر انتهى فالوقوف على الترجمة العربية بحسب اللغة

علما مین بغیر ممانعت کے تمام ہوا کلام قرافی کا پس واقف ہونا اوپر ترجمہ عربی کے فقط باعتبار لغت کے

كَافٍ وَمُغْنٍ فَضْلًا اَنْ يَكُوْنَ عَالِمًا اِنْتَهٰى كَلَامُ عَمْرٍو فَقَالَ زَيْدٌ اِنَّ

کافی ہے اور بے پروا کرنیوالا ہے حاجت اسکی نہین کہ ہو عالم تمام ہوا کلام عمرو کا پس کہا زید نے کہ بلاشبہ

اِنْحِصَارَهٗ فِى الْمُجْتَهِدِيْنَ وَاجِبًا بِالْاِجْمَاعِ لِاَنَّ الْمُفْتِىَ لَيْسَ اِلَّا الْمُجْتَهِدُ

منحصر ہونا تقلید کا مجتہدون مین واجب ہی بالاجماع اسلئے کہ فتوی دینی والا نہین ہوتا مگر مجتہد

بِالْاِجْمَاعِ قَالَ الطَّحْطَاوِىُّ فِىْ شَرْحِ الدُّرِّ الْمُخْتَارِ وَالشَّامِىُّ فِىْ رَدِّ الْمُحْتَارِ

بالاجماع کہا طحطاوی نے بیچ شرح در مختار کے اور شامی نے بیچ رد محتار

شَرْحِ الدُّرِّ الْمُخْتَارِ وَصَاحِبُ الْبَحْرِ فِى الْبَحْرِ الرَّائِقِ وَالرَّسَائِلِ الزَّيْنِيَّةِ قَالَ

شرح در مختار کے اور صاحب بحر نے بیچ بحر الرائق کے اور رسائل زینیہ کے کہا

الشَّيْخُ ابْنُ الْهُمَامِ فِىْ فَتْحِ الْقَدِيْرِ قَدِ اسْتَقَرَّ رَاْىُ الْاُصُوْلِيِّيْنَ عَلٰى اَنَّ الْمُفْتِىَ

شیخ ابن ہمام نے بیچ فتح القدیر کے کہ تحقیق ٹھہری ہی رائی اصولیون کی اسپر کہ مفتی فقط

هُوَ الْمُجْتَهِدُ وَاَمَّا غَيْرُ الْمُجْتَهِدِ مِمَّنْ حَفِظَ اَقْوَالَ الْمُجْتَهِدِ فَلَيْسَ بِمُفْتٍ فَالْوَاجِبُ عَلَيْهِ

مجتہد ہے اور اما پر غیر مجتہد ان لوگون مین سے کہ یاد رکھی ہین قوال مجتہد کی پس نہین ہی مفتی پس واجب ہے اوپر غیر مجتہد کے

اِذَا سُئِلَ اَنْ يَذْكُرَ قَوْلَ الْمُجْتَهِدِ عَلٰى وَجْهِ الْحِكَايَةِ اِنْتَهٰى وَقَالَ شَيْخُ

کہ جب پوچھا جاوے اوس سے مسئلہ یہہ کہ ذکر کری قول مجتہد کا اوپر وجہ حکایت کی تمام ہوا کلام ابن ہمام کا اور کہا شیخ

الْاِسْلَامِ الْعَيْنِىُّ فِىْ شَرْحِ الْكَنْزِ فِىْ كِتَابِ الْقَضَاءِ قَالَ الْبَزْدَوِىُّ اَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ

الاسلام عینی نے بیچ شرح کنز کے بیچ کتاب قضا کے کہ کہا بزدوی نے کہ اجماع کیا ہی علماء

وَالْفُقَهَاءُ عَلٰى اَنَّ الْمُفْتِىَ وَجَبَ اَنْ يَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ الْاِجْتِهَادِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ مِنْ

اور فقہا نی اسپر کہ مفتی کو واجب ہے یہہ کہ ہو اہل اجتہاد سے اور اگر نہو

اھل الاجتہاد فلا یحل له ان یفتی الا بطریق الحکایة انتھی وقال

اہل اجتہاد سے پس نہیں درست ہے اوسکو یہہ کہ فتوی دے مگر بطریق حکایت کے تمام ہوا کلام صیرفی کا اور کہا

فی الفتاوی الظهیریة فی کتاب القضاء اجمع الفقهاء علی ان المفتی وجب ان

بیچ فتاوی ظہیریہ کی بیچ کتاب قضا کی کہ اجماع کیا ہی فقہا نے اسپر کہ مفتے واجب ہے یہہ کہ

یکون من اهل الاجتهاد وان لم یکن من اهل الاجتهاد فلا یحل له ان

ہو اہل اجتہاد سے پس اگر نہو اہل اجتہاد سی پس نہیں درست ہے اوسکو یہہ کہ

یفتی الا بطریق الحکایة انتھی وقال الامام الاسنوی فی اخر شرح

فتوی دے مگر بطریق حکایت کی تمام ہوا کلام ظہیریہ والے کا اور کہا امام اسنوی نے بیچ آخر شرح

منهاج الاصول للقاضی البیضاوی انهم اتفقوا علی ان العامی لا یجوز له

منہاج الاصول کے کہ کتاب قاضی بیضاوی کی ہی یہہ کہ علمانے اتفاق کیا ہی اسپر کہ عامی کو نہیں جایز ہی

ان یستفتی الا ممن غلب علی ظنه انه من اهل الاجتهاد والورع انتھی

یہہ کہ فتوی پوچھی مگر اوس شخص سے کہ غالب ہو اوپر ظن اوسکے کہ تحقیق وہ اہل اجتہاد اور ورع سی ہی تمام

وقال الشیخ ابن الهمام فی اخر تحریر الاصول مسئلة الاتفاق علی حل

اور کہا شیخ ابن ہمام نے بیچ آخر تحریر الاصول کے مسئلہ کہ اتفاق ہے علما کا اوپر درست ہونے

الاستفتاء ممن عرف انه من اهل الاجتهاد والعدالة وعلی امتناعه

فتوی پوچھنے کی اوس شخص سے کہ جانتا ہی کہ وہ اہل اجتہاد اور عدالت سی ہی اور اتفاق ہے اوپر منع کرنے

ان ظن احدهما انتھی وقال الامام النووی فی شرح مسلم فی کتاب الاقضیة

اگر گمان کرے ایک دونوں کو تمام ہوا کلام ابن ہمام کا اور کہا امام نووی نے بیچ شرح مسلم کی بیچ کتاب اقضیة کے

قَالَ الْعُلَمَاءُ اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى اَنَّ ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ فِيْ حَاكِمٍ عَالِمٍ اَهْلٍ لِلْحُكْمِ

کہا علماءنے کہ اجماع کیاہی مسلمانوں نے اوپر کہ یہہ حدیث بیچ حق حاکم عالم اہل حکم کے ہے

فَاِنْ اَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ اَجْرٌ بِاجْتِهَادِهٖ وَاَجْرٌ بِاِصَابَتِهٖ وَاِنْ اَخْطَاءَ

پس اگر پہچانا مطلب کو تو واسطی اوسکی دو ثواب ہین ایک ثواب سبب اجتہاد اوسکیکے ہی اور ایک ثواب بسبب پہنچنے مطلب کے ہی

فَلَهٗ اَجْرٌ بِاجْتِهَادِهٖ قَالُوْا فَاَمَّا مَنْ لَيْسَ بِاَهْلٍ لِلْحُكْمِ فَلَا يَحِلُّ لَهُ الْحُكْمُ

تو اوسکے لئی ایک ثواب ہے بسبب اجتہاد اوسکیکے کہا علمانے اہی پر جو شخص کہ نہ ہو اہل حکم کا پس نہین درست ہے اوسکو حکم کرنا

فَاِنْ حَكَمَ فَلَا اَجْرَ لَهٗ بَلْ هُوَ اٰثِمٌ وَلَا يَنْفُذُ حُكْمُهٗ فَهُوَ عَاصٍ فِيْ

پس اگر حکم کری پس نہین ثواب ہے واسطے اوسکے بلکہ وہ گنہگار ہے اور نہین جاری ہوگا حکم اوسکا پس وہ گنہگار ہے بیچ

جَمِيْعِ اَحْكَامِهٖ سَوَاءٌ وَافَقَ الصَّوَابَ اَمْ لَا وَهِيَ مَرْدُوْدَةٌ كُلُّهَا وَلَا يُعْذَرُ

تمام احکاموں اپنے کی برابر ہے کہ موافق ہو صواب کو یا نہ ہو اور وہ احکام رد کئے جاینگے سارا اور نہین معذور ہوگا

فِيْ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ انْتَهٰى فَحَصَلَ مِنَ الْاِجْمَاعِ اَنَّ الْمُفْتِيَ هُوَ الْمُجْتَهِدُ

بیچ کسی چیز کی اون میں سے تمام ہوا کلام نووی کا پس حاصل ہوا اجماع سے کہ بلاشبہ مفتی مجتہد ہی ہے

لَا غَيْرُ فَاَمَّا غَيْرُ الْمُجْتَهِدِ فَلَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَحْكُمَ وَيُفْتِيَ اِلَّا بِطَرِيْقِ

نہ غیر اوسکا پس اما پر غیر مجتہد پس نہین درست ہے اوسکو یہہ کہ حکم کری یا فتوی دی مگر بطریق

الْحِكَايَةِ وَاِلَّا لَكَانَ عَاصِيًا فِيْ جَمِيْعِ اَحْكَامِهٖ وَلَا يُعْذَرُ فِيْ

نقل کے ورنہ البتہ ہوگا گنہگار بیچ جمیع احکام اپنے کے اور نہین معذور ہوگا بیچ

شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ وَالْجَوَابُ مِنَ الْاٰيَةِ اَنَّ مَعْنَاهَا مَا فَسَّرَ بِهٖ

کسی چیز کے پس جواب آیت کا یہہ ہے کہ معنے اوسکے وہ ہین جو تفسیر کے

المفسرون فی تفاسیرهم مثلاً قال فی تفسیر الجلالین ولقد یسرنا

مفسروں نے بیچ تفسیروں اپنی کی مثلاً کہا بیچ تفسیر جلالین کے اور البتہ تحقیق آسان کیا ہمنے

القرآن للذکر سهلناه للحفظ او هیأناه للتذکر انتهی وقال

قرآن کو واسطے ذکر کے یعنی سہل کیا ہمنے اوسکو واسطے حفظ کی یا مہیا کیا ہمنے اوسکو واسطے نصیحت قبول کرنی کے تمام ہوا کلام

فی تفسیر معالم التنزیل ولقد یسرنا القرآن للذکر لیتذکر ویعتبر

بیچ تفسیر معالم التنزیل کی اور البتہ تحقیق آسان کیا ہمنے قرآنکو واسطے ذکر کے یعنی تاکہ نصیحت قبول کریں اور عبرت پکڑیں

وقال سعید بن جبیر یسرناه للحفظ والقراءة انتهی فکان المعنی هکذا

اور کہا سعید بن جبیر نے کہ آسان کیا قرآنکو واسطے حفظ کے اور پڑھنی کی تمام ہوا کلام معالم التنزیل کا پس ہوئے معنے اسطرح

ولقد یسرنا القرآن للذکر والوعظ فهل من مدکر وهو ظاهر القرآن

البتہ تحقیق آسان کیا ہمنے قرآن کو واسطے ذکر کے اور نصیحت کے پس آیا کوئی ہی نصیحت قبول کرنیوالا اور یہہ ہی ظاہر قرآن ہے

وهو المراد بدلالة الآیات الاخری قال الله تعالی وهو الذی بعث فی

اور یہہ ہی مراد ہی بسبب دلالت کرنے اور آیتوں کے   فرمایا اللہ تعالی نے   وہ اللہ ایسا ہی کہ بھیجا

الامیین رسولا منهم یتلو علیهم ایاته ویزکیهم ویعلمهم الکتب

ان پڑھوں میں رسول اون میں سی پڑھتا ہی اوپر اونکی آیتیں خدا کی اور پاک کرتا ہی اونکو اور سکھاتا ہی اونکو کتاب

والحکمة وقال الله تعالی ولقد من الله علی المؤمنین اذ بعث فیهم رسولا

اور سنت۔ اور فرمایا اللہ تعالی نے البتہ تحقیق احسان رکھتا ہی اللہ اوپر مسلمانوں کے کہ بھیجا اون میں رسول

من انفسهم یتلو علیهم ایاته ویزکیهم ویعلمهم الکتب والحکمة وقال الله

جو اونہی میں سی پڑھتا ہی اوپر اونکی آیتیں اللہ کی اور پاک کرتا ہی اونکو اور سکھاتا ہی اونکو کتاب اور سنت اور فرمایا

تعالى لا تحرك به لسانك لتعجل به ان علينا جمعه وقرانه فاذا قرأناه فاتبع قرانه ثم ان

تعالی نے نہ ہلا تو ساتھ قران کے زبان اپنی تو کہ جلد پڑھے قران تحقیق اوپر ہمارے ہے جمع کرنا قران کا اور پڑھنا اوسکا پس جس وقت کہ پڑھیں ہم

علينا بيانه فهذه الآيات دالة على ان تفسير القران في بيان معانيه

ہمارے ہے بیان کرنا اوسکا پس یہہ آیتیں دلالت کرتی ہیں اوپر کہ تفسیر قران کی اور بیان معانی اونکے کا

في الاحكام من وجوه الترجيح وتخصيص العموم ومراد المجمل وبيان المجمل

بیچ احکام کے وجوہ ترجیح سی اور خاص کرنے عموم سے اور مراد مجمل سے اور بیان مجمل

المطلق والمنسوخ والتطبيق والتوفيق بين الآيات والاحاديث في غير ذلك

مطلق سے اور منسوخ اور تطبیق اور توفیق سے درمیان آیتوں اور حدیثوں کے اور غیر اوسکے

مما في الكتب عند استخراج الاحكام يحتاج الى كمال العلم لانه اذا

اور جو چیز ہے کہ کتابوں میں ہے وقت نکالنے احکاموں کے محتاج ہیں طرف کمال علم کے اسلئے کہ جب

احتاج اهل اللسان وهم العرب والاصحاب بعد التلاوة عليهم الى التعليم

محتاج ہوئے زبان والے کہ وہ عرب اور اصحاب ہیں بعد پڑھنے کے اوپر انکے طرف تعلیم کی

فغيرهم اولى والجواب عن الاجماع ان المراد من العلماء اهل

پس غیر اونکا لینا اولی محتاج ہونگے اور جواب اجماع کا یہہ ہے کہ مراد علما سی اہل

الاجتهاد بدليل ما ذكر من الاجماع انتهى كلام زيد فقال عمرو

اجتہاد ہیں ساتھ دلیل اوس مضمون کے کہ ذکر کئے گئی اجماع سے تمام ہوا کلام زید کا پس کہا عمرو نے

فلو سلم انحصاره في المجتهدين فانحصاره في المذاهب الاربعة باطل

پس اگر مانا جاوے منحصر ہونا تقلید کا بیچ مجتہدوں کے تو منحصر ہونا تقلید کا بیچ چاروں مذہبوں کے باطل ہے

لقوله

لِقَولِهٖ تَعَالیٰ فَاسْئَلُوا اَهْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ وَلِکَوْنِ الْاِجْمَاعِ

واسطے قول اللہ تعالیٰ کے پس پوچھو تم عالم سے اگر نہیں جانتے ہو تم اور باطل ہے واسطے ہونے اجماع کے

عَلٰی ذٰلِکَ قَالَ الْقَرَافِیُّ وَقَدِ انْعَقَدَ الْاِجْمَاعُ عَلٰی اَنَّ مَنْ اَسْلَمَ فَلَهٗ اَنْ یُّقَلِّدَ

اوپر اسکی کہا قرافی نے اور تحقیق منعقد ہوا ہے اجماع اوپر کہ جو مسلمان ہو پس واسطے اوسکی جائز ہے یہہ کہ تقلید کرے

مَنْ شَاءَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مِنْ غَیْرِ حَجْرٍ اِنْتَهٰی کَلَامُ عَمْرٍو وَقَالَ زَیْدٌ اَنَّ الْاِنْحِصَارَ

جسکی چاہے علماء میں سے بغیر ممانعت کے تمام ہوا کلام عمرو کا اور کہا زید نے کہ بلاشبہ منحصر ہونا تقلید کا

فِی الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ لِاَجْلِ انْتِظَامِ الدِّیْنِ ثَابِتٌ بِاِجْمَاعِ اَهْلِ السُّنَّةِ

بیچ چاروں مذہب کے واسطے انتظام دین کی ثابت ہے ساتھہ اجماع اہل سنت

وَالْجَمَاعَةِ قَالَ الْعَلَّامَةُ ابْنُ حَجَرٍ الْمَکِّیُّ فِیْ فَتْحِ الْمُبِیْنِ شَرْحِ الْاَرْبَعِیْنَ

اور جماعت کے کہا علامہ ابن حجر مکی نے بیچ فتح مبین شرح اربعین کے

لِلْاِمَامِ النَّوَوِیِّ فِیْ شَرْحِ الْحَدِیْثِ الثَّامِنِ وَالْعِشْرِیْنَ وَهٰذَا فِیْ حَقِّ الْمُقَلِّدِ

کہ امام نووی کی ہے بیچ شرح حدیث اٹھائیسویں کی اور یہہ بیچ حق مقلد

الصِّرْفِ فِیْ تِلْکَ الْاَزْمِنَةِ الْقَرِیْبَةِ مِنْ زَمَنِ الصَّحَابَةِ وَاَمَّا فِیْ زَمَانِنَا

صرف کی ہے بیچ اوس زمانہ کے کہ قریب تہا زمانہ صحابہ سے اور اب بیچ زمانہ ہمارے کے

فَقَالَ بَعْضُ اَئِمَّتِنَا لَا یَجُوْزُ تَقْلِیْدُ غَیْرِ الْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ الشَّافِعِیِّ وَ

پس کہا بعض اماموں ہمارے نے کہ نہیں جائز ہے تقلید غیر ائمہ اربعہ کے کہ وہ شافعی اور

مَالِکٍ وَاَبِیْ حَنِیْفَةَ وَاَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ لِاَنَّ هٰؤُلَاءِ

مالک اور ابی حنیفہ اور احمد بن حنبل ہیں رضامندی ہو اللہ کی اوپر اون کے اسلئے کہ بلاشبہ یہہ لوگ

عُرِفَتْ قَوَاعِدُ مَذْهَبِهِمْ وَاسْتَقَرَّتْ اَحْكَامُهُمْ وَخَدَمَ تَابِعُوهُمْ

پہچانے گئے قواعد مذہب اونکی کے اور مقرر ہو گئے احکام اونکے اور خدمت کی اتباع اونکے نے

